# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیۂ عربی وعلومِ اسلامیہ

## (شعبہ سیرت سٹڈیز)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس: جغرافیۂ سیرت (3908)** سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (تخصص سیرت سٹڈیز)

### ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL) موڈ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات غور سے پڑھیے۔

1. تمام سوالات لازمی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کریں۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (Scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی، صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں، فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

# امتحانی مشق نمبر 1

**(یونٹ: 1-4)**

سوال نمبر 1۔ جغرافیہ اور جغرافیہ سیرت کا مفہوم بیان کریں اور جزیرہ نمائے عرب کی قدیم وجدید تقسیم کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ جزیرہ نمائے عرب کا رقبہ، آبادی اور موسم کیسا ہے؟ نیز یہاں پیدا ہونے والے پھل اور معدنیات تفصیل سے تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ عرب کی قدیم اقوام (عربِ بائدہ اور عربِ باقیہ) کون سی ہیں؟ ان کا مختصر تعارف اور جغرافیائی محلِ وقوع بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ قدیم عرب ریاستوں (سبا، حمیر) کے تعارف، تاریخ اور جغرافیے پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ جزیرہ نمائے عرب میں بت پرستی کے آغاز اور دیگر مذاہب کے پیروکار قبائل کا تذکرہ کریں۔ (20)

کل نمبر:100　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:5-9)

سوال نمبر1۔ دورِ جاہلیت میں عرب کے معروف بازاروں کا انتظام وانصرام اور تاجروں کی حفاظت کا طریقہ کار کیا تھا؟ (20)

سوال نمبر2۔ سیرتِ طیبہ سے تعلق رکھنے والے اہم مقامات (مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ) کا تعارف تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ غزوہ اور سریہ کا مفہوم وفرق بیان کرتے ہوئے اہم غزوات (بدر، احد) کے جغرافیہ کا مختصر جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر4۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دورِ مبارک میں بھیجے گئے مشہور سرایا کی کل تعداد اور ان کا پس منظر تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ دربارِ نبوی میں آنے والے اہم وفود اور مختلف سلاطین (قیصر اور کسریٰ) کے نام بھیجے گئے مکاتیب کا تعارف پیش کریں۔ (20)